کل نمبر:25 — اُردو (پنجم) ٹیسٹ نمبر1 — وقت:25 منٹ

| | |
|---|---|
| پانچواں مہینا، پہلا ہفتہ، چھٹا دن | **سلیبس:** **دھرائی ٹیسٹ** (پہلا ہفتہ) |

## حصہ اوّل

**سوال نمبر1:** درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ **(12)**

1۔ وہ اسم جو کسی دوسرے اسم کی جگہ بولا جائے، کہلاتا ہے:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | اسم اشارہ | (ب) | اسم موصول | (ج) | اسم ضمیر | (د) | اسم علم |

2۔ درست اعراب والا لفظ ہے:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | پَرَوَرِش | (ب) | پُرورَش | (ج) | پروَرِش | (د) | پَرَوَّش |

3۔ کھیل ہمیں بناتے ہیں:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | چُست | (ب) | ہوشیار | (ج) | نظم وضبط کا پابند | (د) | تمام دُرست |

4۔ ''کیا، کب، کہاں'' الفاظ ہیں:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | مرکب | (ب) | استفہامیہ | (ج) | ندائیہ | (د) | استعجاب |

5۔ ''صوتی'' سے مراد ہے:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | آواز سے متعلق | (ب) | کھیل سے متعلق | (ج) | شور سے متعلق | (د) | پڑھائی سے متعلق |

6۔ ماحولیاتی آلودگی میں شامل ہیں:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | زمینی اور آبی آلودگی | (ب) | فضائی آلودگی | (ج) | صوتی آلودگی | (د) | تمام درست |

7۔ تحفہ یا کوئی چیز ملنے پر کہا جاتا ہے:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | السلام علیکم | (ب) | شکریہ | (ج) | خوش آمدید | (د) | معاف کیجیے گا |

8۔ نظم ''نیک بنو، نیکی پھیلاؤ'' کے مطابق ہوگی اگر تم میں ستھرائی تو سب سیکھیں گے تم سے:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | اچھائی | (ب) | بھلائی | (ج) | صفائی | (د) | سچائی |

9۔ جو سچ نہیں بولتا اس کی کوئی نہیں کرتا:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | عزت | (ب) | مدد | (ج) | چغلی | (د) | غیبت |

☆ **مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوالات نمبر 11،10 اور 12 کے جوابات دیں۔**

اب ذرا سمندر کی دُکھ بھری کہانی بھی سُن لیجیے۔ میں قدرت کا ان مول تحفہ ہوں۔ دریا، جھرنے، چشمے اور آبشاریں میرے ساتھی ہیں۔ کبھی آپ کشتی رانی سے محظوظ ہوتے ہیں تو کبھی مزے دار مچھلی سے لطف اٹھاتے ہیں۔ کبھی میری لہروں پر تختہ



رانی کے ذریعے سے موج در موج آگے بڑھتے چلے جاتے ہیں۔ آپ مجھ سے کیا فائدے نہیں اٹھاتے۔ میرے سینے پر بڑے بڑے بحری جہاز چلتے ہیں، جو ایک ملک کا سامان دُوسرے ملک تک پہنچاتے ہیں۔

10۔ درج ذیل عبارت کس سبق سے لی گئی ہے؟

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | ہمارے پیشے | (ب) | قومی تہوار | (ج) | آئیں! مدد کریں | (د) | رکھیں میرا خیال |

11۔ دریا، جھرنے، چشمے اور آبشاریں ساتھی ہیں:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | انسان کے | (ب) | صحرا کے | (ج) | پہاڑ کے | (د) | سمندر کے |

12۔ سمندر کہتا ہے: ''میرے سینے پر چلتے ہیں'':

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | کشتیاں | (ب) | بحری جہاز | (ج) | ہوائی جہاز | (د) | ا،ب دونوں |

## حصہ دوم **(13)**

**سوال نمبر1:** ''میرا گاؤں'' کے عنوان پر مضمون لکھیں۔ **(7)**

## حصہ سوم

**سوال نمبر1:** امتحان میں کامیابی پر مبارک باد دینے کے لیے دوست کے نام خط لکھیں۔ **(6)**

**یا**

**سوال نمبر2:** درج ذیل اشعار کی تشریح کریں۔

سچ بولو، سچے کہلاؤ — سچ کی سب کو ریس دلاؤ
جب اوروں کو راہ بتاؤ — خود رستے پر تم آ جاؤ